
© rasailojaraid.com



پوزیشن۔ حاصل کیں ۳۱ طرح پورے صوبہ میں دارالعلوم کے امتیازی مقام حاصل کیا، اول پوزیشن: فضل متین ۵۲۰ نمبر، دوم پوزیشن: سید طاہر شاہ بن سید ظاہر شاہ ضلع ژوب، سوم پوزیشن: نہاد حسب مردان۔ دارالعلوم کے مہتمم مولانا سمیع الحق کی مجلس انتظامیہ اور مجلس تعلیمی نے



کامیاب ہونے والے طلباء اور ان کے والدین کو مبارکباد اور خراج تحسین پیش کیا ہے۔

## قربانی کھالوں کیلئے وسطی اضلاع میں کیمپوں کا انعقاد:

دارالعلوم حقانیہ کے طلباء نے امسال حضرت مہتمم صاحب اور مولانا انوار الحق صاحب کی تجویز پر تمام وسطی اضلاع میں چرم قربانی جمع کرنے کیلئے کیمپ لگائے۔ جس میں سینکڑوں مخلصین اور محبین جامعہ و دیگر مخیر حضرات نے اپنی قربانی کے چرمہائے دارالعلوم حقانیہ کے کیمپ میں جمع کرائے۔ ضلع چارسدہ میں مولانا اویس، مولانا عبدالرحمٰن، مولانا محمد حسین حقانی، ضلع صوابی میں مولانا صداقت حقانی، مولانا سمیع الحق حقانی، مولانا بدرالزمان حقانی، مولانا یاسین حقانی، مولانا عبید حقانی۔ ضلع پشاور سے مولانا حزب اللہ حقانی، مولانا عبدالصمد خان حقانی، مولانا ذاکر اللہ حقانی، مولانا محمد بلال حقانی، مولانا محمد عمران حقانی، مولانا عامر سہیل حقانی، ضلع مردان میں مولانا شفیق اللہ، مولانا احسان الحق، مولانا احتشام الحق نے مختلف جگہوں پر الگ الگ کیمپ لگائے جبکہ ضلع نوشہرہ اور دارالعلوم حقانیہ میں مولانا لقمان الحق حقانی کی نگرانی میں دارالعلوم کا عملہ جناب عالمگیر خان، محمد عارف، حاجی نثار محمد اور مولانا فیض السلام حقانی صاحبان اور خصوصاً مولانا محمد اسرار مدنی نے خدمات سرانجام دیں۔ اس تمام مہم کی نگرانی حضرت مہتمم صاحب بذات خود فرمارہے تھے۔ مجلس تعلیمی کی طرف سے تمام خیرخواہان جامعہ، معاونین اور طلباء اور کیمپوں میں خدمت کرنے والے طلباء کیلئے خصوصی دعائیں کی گئیں۔

## اساتذہ دارالعلوم کی حج سے واپسی

امسال دارالعلوم حقانیہ کے اساتذہ کرام جن میں حضرت مولانا انوار الحق، مولانا سلمان الحق، مولانا سید یوسف شاہ، مولانا مفتی مختار اللہ، مولانا عرفان الحق، مفتی شیر عالم صاحبان نے حج کی سعادت حاصل کی اور دارالعلوم حقانیہ سمیت تمام خیرخواہان جامعہ کے لئے خصوصی دعائیں کیں۔ اللہ تعالیٰ قبول فرمائے۔ امین

**وفیات:** جامعہ دارالعلوم حقانیہ کے ممتاز فاضل اور شوریٰ کے رکن علاقہ چھچھ کے حضرت مولانا محمد یوسف شاہ صاحب کے جواں سال بیٹے حافظ قاری مسعود الحسن انتقال کرگئے، جنازہ میں شیخ الحدیث حضرت مولانا انوار الحق واستاد جامعہ مولانا سلمان الحق نے شرکت کی۔ مہتمم جامعہ شیخ الحدیث مولانا سمیع الحق صاحب نے ہزاروں طلبا کی موجودگی میں مرحوم کے رفع درجات کیلئے خصوصی دعوات فرمائے۔ جامعہ کی انتظامیہ، جملہ اساتذہ وطلبا حضرت مولانا محمد یوسف شاہ کے ساتھ شریک تعزیت ومرحوم کے رفع درجات کیلئے دعاگو ہیں۔

© rasailojaraid.com